© rasailojaraid.com



مدرار اللہ صاحب قدس سرہ نے زیر تبصرہ کتاب میں حضورؐ اور دیگر تمام انبیاءؑ کی عصمت شان ارفع اور مقام اعلیٰ پر سیر حاصل تبصرہ کیا ہے۔ یہ کتاب سات ابواب پر مشتمل ہے۔ جبکہ آخر میں بطور افادہ عام ایک ضمیمہ بھی لگایا ہے۔ ابواب کی ترتیب یہ ہے۔ (۱) عصمت انبیاءؑ کا مسئلہ، (۲) قرآن کی نظر میں صاحب قرآن کا مقام (۳) اسلام میں توہین انبیاءؑ کی سزا (۴) مولانا مودودی کا تصور نبوت (۵) مفتی محمد یوسف کی توجیہات کا جائزہ (۶) قانون تحفظ ناموس انبیاءؑ کی ضرورت (۷) دینی درسگاہوں، تعلیمی اداروں اور پریس کا فرض۔ مصنف نے موضوع کتاب کے متعلق سیر حاصل مواد قارئین کیلئے بہم پہنچایا ہے۔ مقام نبوت اور عصمت انبیاءؑ کو سمجھنے کیلئے زیر تبصرہ کتاب کا مطالعہ انتہائی مفید ہے۔ معنوی لحاظ سے تو کتاب کی افادیت مسلم اور صوری اعتبار سے بھی انتہائی دیدہ زیب البتہ کتابت کی باریکی محل نظر ہے اگر دو تین فونٹس اسکی کتابت موٹی ہوتی تو پڑھنے میں کوئی دقت پیش نہ آتی۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپکے صاحبزادہ جناب اکرام اللہ شاہد کو مولانا کے افادات عام کرنے کی مزید توفیق ارزانی فرمائے۔(آمین) (م۔ا۔ف)

---

نام کتاب :- مشکلات القرآن۔ تالیف :- حضرت مولانا محمد انور گنگوہی صاحب

صفحات :- ۲۸۰۔ قیمت درج نہیں۔ ناشر:- ادارہ تالیفات اشرفیہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

---

یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ قرآن کریم اللہ تعالیٰ کا ایک قیم و مستقیم کلام ہے جو ہر قسم کے اختلاف واختلال تعارض وتناقض سے کلیۃً منزہ ومقدس ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

الحمدللہ الذی انزل علی عبدہ الکتاب ولم یجعل لہ عوجاً (سورۃ کہف) وہ خدا مستحق ہر حمد ہے جس نے اپنے بندے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر ایسی کتاب نازل فرمائی جسمیں کسی بھی قسم کی کجی نہیں

دراصل تعارض وتناقض تو اس شخص کے کلام میں ممکن ہے جس پر نسیان طاری ہوتا ہو جس کا علم ناقص اور ناتمام ہو۔ جس کے فکرودماغ پر الجھنیں سوار ہوں۔ بخلاف ذات خداوندی کے کہ وہ تو نسیان وذہول اور جملہ عیوب سے مبرا ہے۔ ایسی ذات کے کلام میں تناقض واختلال امر محال ہے۔ البتہ بظاہر جن آیات قرآنی میں تعارض معلوم ہوتا ہے وہ ہماری عقول وافکار کی کوتاہی ہے۔ ورنہ نظر عمیق کے بعد یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ ان میں کوئی تعارض نہیں۔ حق تعالیٰ جزائے خیر دے ہمارے محققین مفسرین کو جنہوں نے نقول صحیحہ اور عقول سلیمہ کی روشنی میں آیات متعارضہ کے درمیان تطبیقات بیان فرمائیں اور ایسی ایسی توجیہات ذکر کیں کہ جن کے بعد کوئی آیت کسی سے متعارض نہیں۔ زیر تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک بہترین کڑی ہے۔ اردو زبان میں اس موضوع پر ایسی جامع اور مکمل مگر مختصر کتاب اگر معدوم نہیں تو ناپید ضرور ہے۔ فاضل مؤلف نے زیر تبصرہ کتاب میں ان متعارض آیات کو یکجا کرکے انکے درمیان تطبیق اور دفع تعارض کی بھرپور کوشش کی ہے۔ جزاہ اللہ خیراً

© rasailojaraid.com